کل نمبر:25 | اُردو (چہارم) ٹیسٹ نمبر 1 | وقت:25 منٹ

چوتھا مہینا، دوسرا ہفتہ، چھٹا دن	**سلیبس:** دہرائی ٹیسٹ (دوسرا ہفتہ)

حصہ اوّل

سوال نمبر1: درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ (12)

1۔ پہلی دفعہ اجنبی، بادشاہ سے کس جگہ ملا؟

(الف)	باغ میں	(ب)	کمرے میں	(ج)	دریا میں	(د)	تہ خانے میں

2۔ سونے کی پیالی میں چائے کی جگہ تھا:

(الف)	پگھلا ہوا سونا	(ب)	پگھلا ہوا سیسہ	(ج)	پگھلا ہوا لوہا	(د)	پگھلا ہوا شیشہ

3۔ درست اعراب والا لفظ ہے:

(الف)	شِہزَادی	(ب)	شَہزادی	(ج)	شُہزَادی	(د)	شَہزَّادی

4۔ "خزانہ" کا معنی ہے:

(الف)	دولت کا ذخیرہ	(ب)	کپڑوں کا ذخیرہ	(ج)	کھانے کا ذخیرہ	(د)	کتابوں کا ذخیرہ

5۔ "آپ، اسے" مثالیں ہیں:

(الف)	ضمیر کی	(ب)	فعل کی	(ج)	اسم کی	(د)	کلمہ کی

6۔ انسان کو ضرورت سے زیادہ خواہش نہیں کرنی چاہیے:

(الف)	دولت کی	(ب)	شہرت کی	(ج)	عزت کی	(د)	بیماری کی

7۔ ایسی فرضی کہانی جو کسی معاشرے میں مشہور ہو جائے اور اس معاشرے کی روایت کا حصہ بن جائے، کہلاتی ہے:

(الف)	لوک کہانی	(ب)	مزاحیہ کہانی	(ج)	ڈراؤنی کہانی	(د)	سبق آموز کہانی

8۔ "ناکام" کا متضاد ہے:

(الف)	کامیاب	(ب)	نایاب	(ج)	آفتاب	(د)	بے تاب

9۔ راشد ______ بلّی ______ گھور کر دیکھا۔ جملے مکمل کریں۔

(الف)	نے، کو	(ب)	نے، سے	(ج)	نے، میں	(د)	نے، پر

☆ درج ذیل عبارت پڑھ کر سوالات کے جواب دیں۔

یونان پر ایک بادشاہ حکومت کرتا تھا۔ بادشاہ کو دولت سے بہت پیار تھا۔ سونے کا تو وہ دیوانہ تھا۔ اُسے دن رات ایک ہی فکر تھی کہ زیادہ سے زیادہ سونا کیسے جمع کیا جائے۔ جب وہ صبح سویرے سورج کی سنہری کرنوں کو دیکھتا تو اس کے دل میں یہ خواہش پیدا ہوتی کہ کاش! یہ سنہری کرنیں جس چیز پر پڑیں اُسے سونے کا بنا دیں۔ سونے کی اینٹوں، برتنوں اور زیورات سے بھرا

بادشاہ کا خزانہ محل کے ایک تہ خانے میں تھا۔ اسے جب فرصت ملتی، تہ خانے میں چلا جاتا۔ سونے کی اینٹوں کو دیکھ کر خوش ہوتا۔ سونے کے برتنوں کو اُٹھا اُٹھا کر دیکھتا۔

10۔ درج بالا عبارت کس سبق سے لی گئی ہے؟

(الف)	ہم بنیں گے اچھے شہری	(ب)	جب ہر چیز سونے کی بن گئی
(ج)	نیا کمپیوٹر	(د)	آتے ہیں جو کام دوسروں کے

11۔ بادشاہ کا خزانہ محل کے ایک ______ میں تھا۔

(الف)	کمرے	(ب)	صحن	(ج)	تہ خانہ	(د)	باغ

12۔ بادشاہ کو فکر تھی:

(الف)	آخرت کی	(ب)	سونا جمع کرنے کی	(ج)	بیماری کی	(د)	عوام کی

حصہ دوم (13)

سوال نمبر1: "میرا بہترین دوست" کے عنوان پر مضمون لکھیں۔ (7)

سوال نمبر2: "رحمت وشفقت" کے عنوان پر کہانی لکھیں۔ (6)